# Right to Self-Determination Day (5 January 2026)
# Message from the President of the Islamic Republic of Pakistan

On 5 January, the people of Pakistan join the people of Jammu and Kashmir in commemorating Right to Self-Determination Day. This date marks the adoption of a United Nations resolution in 1949 that affirmed the disputed nature of Jammu and Kashmir and recognised the right of its people to determine their own future through a free and impartial plebiscite.

More than seven decades later, that solemn commitment remains unfulfilled. The passage of time has neither diminished the validity of the United Nations resolutions nor weakened the legitimacy of the Kashmiri people's demand for self-determination. The continued denial of this right stands in clear contradiction to the principles of the UN Charter and international law.

The situation on the ground in Indian Illegally Occupied Jammu and Kashmir (IIOJK) remains deeply troubling. Widespread restrictions on political activity and freedom of speech, prolonged detentions and the use of coercive laws have created an atmosphere of fear and impunity. Civilians continue to bear the brunt of violence, while families are displaced and livelihoods disrupted.

In recent years, control over the rivers originating in Jammu and Kashmir has emerged as a grave additional challenge, with serious implications for the lives of Kashmiris and for regional stability. India's unilateral suspension of the Indus Waters Treaty, in disregard of its binding international obligations, represents a dangerous attempt to weaponise water, threatening livelihoods, food security and peace for millions who depend on these shared resources.

Pakistan firmly believes that the Jammu and Kashmir dispute is rooted in the aspirations of the Kashmiri people and cannot be resolved through force or unilateral measures. Lasting peace in South Asia is possible only through dialogue and through the implementation of United Nations Security Council resolutions, without prejudice to the recognised positions of the parties.

On this day, I call upon the international community, and the United Nations in particular, to move beyond expressions of concern and to play an effective role in ensuring that the Kashmiri people are able to exercise their inalienable right to self-determination. Equally important is the need for credible steps to address ongoing human rights violations and to protect civilians.

Pakistan will continue to extend its consistent moral, political and diplomatic support to the people of IIOJK. We stand with them in their just and peaceful struggle for dignity, justice and a future of their own choosing.

***

# صدر مملکت آصف علی زرداری کا یوم حقِ خودارادیت 5 جنوری 2026 کے موقع پر پیغام

5 جنوری کو پاکستان کے عوام، جموں وکشمیر کے عوام کے ساتھ مل کر یومِ حقِ خودارادیت مناتے ہیں۔ یہ دن 1949 میں اقوام متحدہ کی اس قرارداد کی منظوری کی یاد دلاتا ہے جس میں جموں وکشمیر کی متنازعہ حیثیت کی توثیق کی گئی اور جموں وکشمیر کے عوام کو آزاد اور غیر جانبدار استصوابِ رائے کے ذریعے اپنے مستقبل کا فیصلہ کرنے کا حق تسلیم کیا گیا۔

سات دہائیوں سے زائد عرصہ گزر جانے کے باوجود یہ وعدہ تاحال پورا نہیں ہو سکا۔ وقت گزرنے سے نہ تو اقوام متحدہ کی قراردادوں کی اہمیت میں کوئی کمی آئی ہے اور نہ ہی کشمیری عوام کے حقِ خودارادیت کے مطالبے کی قانونی اور اخلاقی حیثیت کمزور ہوئی ہے۔ اس بنیادی حق سے مسلسل انکار اقوام متحدہ کے چارٹر اور بین الاقوامی قانون کے اصولوں کے منافی ہے۔

بھارت کے غیر قانونی زیرِ تسلط جموں وکشمیر میں زمینی صورتحال بدستور نہایت تشویشناک ہے۔ سیاسی سرگرمیوں اور اظہارِ رائے کی آزادی پر وسیع پابندیاں، طویل نظر بندیاں اور جابرانہ قوانین کے استعمال نے خوف کی فضا قائم کر دی ہے۔ عام شہری تشدد کا نشانہ بن رہے ہیں جبکہ خاندان بے گھر اور لوگ روزگار سے محروم ہو رہے ہیں۔

حالیہ برسوں میں جموں وکشمیر سے نکلنے والے دریاؤں پر کنٹرول حاصل کرنے کی کوششیں ایک اور سنگین چیلنج کے طور پر سامنے آئی ہیں، جن کے کشمیری عوام کی زندگیوں اور علاقائی استحکام پر گہرے اثرات مرتب ہو سکتے ہیں۔ بھارت کی جانب سے سندھ طاس معاہدے کی یکطرفہ معطلی، اپنی بین الاقوامی ذمہ داریوں سے انحراف اور پانی کو بطور ہتھیار استعمال کرنے کی ایک خطرناک کوشش کی عکاسی کرتی ہے جس سے لاکھوں لوگوں کے روزگار، غذائی تحفظ اور خطے کے امن کو شدید خطرات لاحق ہو گئے ہیں۔

پاکستان کا پختہ یقین ہے کہ تنازعہ جموں وکشمیر، کشمیری عوام کی خواہشات سے جڑا ہوا ہے اور اسے طاقت یا یکطرفہ اقدامات کے ذریعے حل نہیں کیا جا سکتا۔ جنوبی ایشیا میں پائیدار امن صرف بامعنی مذاکرات اور اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی قراردادوں پر عملدرآمد کے ذریعے ہی ممکن ہے جو کشمیری عوام کی امنگوں کے مطابق ہو۔

اس موقع پر میں، عالمی برادری بالخصوص اقوام متحدہ سے مطالبہ کرتا ہوں کہ وہ محض تشویش کے اظہار سے آگے بڑھتے ہوئے کشمیری عوام کو ان کا ناقابلِ تنسیخ حقِ خود ارادیت دلانے کے لیے مؤثر کردار ادا کرے۔ جاری انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کے خاتمے کے ساتھ ساتھ شہریوں کے تحفظ کیلئے قابلِ اعتماد اقدامات کی بھی اشد ضرورت ہے۔

پاکستان بھارت کے غیر قانونی طور پر زیرِ تسلط جموں وکشمیر کے عوام کی مسلسل اخلاقی، سیاسی اور سفارتی حمایت جاری رکھے گا۔ ہم ان کے وقار، انصاف اور اپنی مرضی کے مستقبل کے حصول کی منصفانہ اور پرامن جدوجہد میں ان کے ساتھ کھڑے ہیں۔

☆☆☆

**Right to Self-Determination Day (5 January 2026)**
**Message from the Prime Minister of the Islamic Republic of Pakistan**

Today, as we commemorate the *"Right to Self-determination Day"*, we solemnly reaffirm our unwavering support for the people of Indian Illegally Occupied Jammu and Kashmir (IIOJK) in their just struggle for the right to self-determination. The 5th of January serves as a powerful reminder of the historic commitment made by the international community, enshrined in the United Nations Security Council resolutions, to uphold the right to self-determination for the people of Occupied Jammu and Kashmir.

On 5 January 1949, the United Nations Commission for India and Pakistan (UNCIP) adopted the landmark resolution, which unequivocally stipulated that the final disposition of the State of Jammu and Kashmir, would be decided through a free and impartial plebiscite under the auspices of the United Nations. Sadly, this commitment remains unfulfilled to this day, as the resolution has never been implemented, due to India's illegal occupation of Jammu and Kashmir.

The people of IIOJK have witnessed nearly eight decades of ordeal at the hands of Indian occupation forces. Their suffering has exacerbated manifolds since 5 August 2019 when India undertook illegal and unilateral measures, as part of its systematic campaign to transform the demographic and political landscape of the IIOJK.

India has made consistent efforts to silence the genuine leadership of the Kashmiri people and muzzle the media. The number of Kashmiri political prisoners remains in thousands, while sixteen political outfits have been outlawed by occupation authorities. Meanwhile, profiling and harassment of innocent Kashmiris, arbitrary detentions, and the so-called 'cordon and search' operations have become a norm in the occupied territory.

Nevertheless, all Indian coercive measures have failed to subjugate the will of the people of IIOJK or suppress their quest for the right to self-determination. The people of Pakistan salute their indomitable courage, commitment and resilience, in the face of Indian atrocities.

The world must also recognize that a just resolution of the Jammu and Kashmir dispute, is the only way to achieve durable peace in South Asia. We urge the international community to urgently call upon India to halt its widespread human rights violations in IIOJK, reverse its unilateral and illegal actions of 5

August 2019, repeal the draconian laws and give the right to self-determination to the Kashmiri people, as enshrined in the United Nations Security Council resolutions.

To our Kashmiri brothers and sisters, Pakistan will continue to extend its unwavering moral, political, and diplomatic support to your cause, and will continue to serve as your voice at every available platform.

***

*یومِ حقِ خودارادیت (5 جنوری 2026) پر
وزیراعظم اسلامی جمہوریہ پاکستان محمد شہباز شریف کا پیغام*

آج جب ہم "یومِ حقِ خودارادیت" منا رہے ہیں تو ہم غیر قانونی طور پر بھارتی مقبوضہ جموں و کشمیر (IIOJK) کے عوام کی حقِ خودارادیت کے لیے جاری جائز جدوجہد کی بھرپور اور غیر متزلزل حمایت کا اعادہ کرتے ہیں۔ پانچ جنوری ہمیں اس تاریخی عہد کی یاد دلاتا ہے جو عالمی برادری نے اقوامِ متحدہ کی سلامتی کونسل کی قراردادوں میں کشمیری عوام کے حقِ خودارادیت کو تسلیم اور یقینی بنانے کے لیے کیا تھا۔

5 جنوری 1949 کو اقوامِ متحدہ کے کمیشن برائے بھارت و پاکستان (UNCIP) نے ایک تاریخی قرارداد منظور کی، جس میں واضح طور پر یہ طے کیا گیا کہ ریاستِ جموں و کشمیر کے حتمی مستقبل کا فیصلہ اقوامِ متحدہ کی نگرانی میں آزادانہ اور غیر جانبدارانہ رائے شماری کے ذریعے ہوگا۔ افسوس کہ بھارت کے جموں و کشمیر پر غیر قانونی قبضے کے باعث یہ عہد آج تک پورا نہیں ہو سکا اور مذکورہ قرارداد پر عمل درآمد نہیں ہوا۔

غیر قانونی طور پر بھارتی مقبوضہ جموں و کشمیر کے عوام گزشتہ تقریباً آٹھ دہائیوں سے بھارتی قابض افواج کے مظالم کا سامنا کر رہے ہیں۔ 5 اگست 2019 کے بعد بھارت کے غیر قانونی اور یکطرفہ اقدامات نے، جو IIOJK کے آبادیاتی اور سیاسی ڈھانچے کو بدلنے کی منظم مہم کا حصہ ہیں، کشمیری عوام کی مشکلات میں کئی گنا اضافہ کر دیا ہے۔ بھارت نے کشمیری عوام کی حقیقی قیادت کو خاموش کرانے اور میڈیا کو دبانے کی مسلسل کوششیں کی ہیں۔ ہزاروں کشمیری سیاسی قیدی آج بھی جیلوں میں ہیں جبکہ سولہ سیاسی جماعتوں/تنظیموں پر قابض حکام نے پابندی عائد کر رکھی ہے۔ اسی دوران بے گناہ کشمیریوں کی پروفائلنگ اور ہراسانی، من مانے حراستی اقدامات اور نام نہاد "کارڈن اینڈ سرچ" آپریشنز مقبوضہ علاقے میں معمول بن چکے ہیں۔

بھارت کے تمام جبر و تشدد کے باوجود یہ ہتھکنڈے کشمیری عوام کے عزم کو پست کرنے یا ان کی حقِ خودارادیت کی جدوجہد کو دبانے میں ناکام رہے ہیں۔ پاکستان کے عوام بھارتی مظالم کے سامنے کشمیری عوام کی بے مثال جرأت، ثابت قدمی اور حوصلے کو سلام پیش کرتے ہیں۔

عالمی برادری کو یہ حقیقت بھی تسلیم کرنی چاہیے کہ مسئلہ جموں و کشمیر کا منصفانہ حل ہی جنوبی ایشیا میں پائیدار امن کے قیام کی واحد راہ ہے۔ ہم بین الاقوامی برادری سے مطالبہ کرتے ہیں کہ وہ بھارت کو فوری طور پر IIOJK میں جاری سنگین انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کے خاتمے، 5 اگست 2019 کے یکطرفہ اور غیر قانونی اقدامات کی واپسی، جابرانہ قوانین کے خاتمے اور اقوامِ متحدہ کی سلامتی کونسل کی قراردادوں کے مطابق کشمیری عوام کو حقِ خودارادیت دینے پر آمادہ کرے۔

اپنے کشمیری بھائیوں اور بہنوں کو یقین دلاتا ہوں کہ پاکستان آپ کے جائز حق کے لیے اپنی غیر متزلزل اخلاقی، سیاسی اور سفارتی حمایت جاری رکھے گا اور ہر دستیاب عالمی فورم پر آپ کی آواز بنتا رہے گا۔

***

9/16

## Right to Self-Determination Day (5 January 2026)
## Message from the Deputy Prime Minister/Foreign Minister of Pakistan

On this *"Right to Self-Determination Day"*, the Government and people of Pakistan stand in unwavering solidarity with the people of Indian Illegally Occupied Jammu and Kashmir (IIOJK). We express our solemn commitment to their just struggle to achieve the inalienable right to self-determination.

This day commemorates the landmark adoption of the United Nations Commission for India and Pakistan (UNCIP) resolution on 5 January 1949, a pivotal document that formally guaranteed a free and impartial plebiscite for the people of Jammu & Kashmir.

This commitment is enshrined through multiple United Nations Security Council resolutions on the Jammu and Kashmir dispute, and **is** reaffirmed annually by the United Nations General Assembly in its resolutions upholding the right to self-determination.

The international law recognizes the right to self-determination as a cornerstone principle enshrined the UN Charter. However, the people of IIOJK have been denied this right by India for over seven decades. The illegal occupation of Jammu and Kashmir by India stands as a stark tragedy of our times as the people of IIOJK continue to endure systematic repression, widespread human rights violations and denial of their fundamental rights and dignity.

In particular, India's illegal and unilateral actions of 5 August 2019represent a deliberate attempt to consolidate the illegal occupation through demographic engineering of IIOJK. These measures are designed to systematically transform the Kashmiri people into a disenfranchised community in their own homeland, in clear violation of international law and the principles of self-determination.

Despite enduring decades of oppression and countless sacrifices in IIOJK, the Kashmiri people have remained resolute in their just struggle to achieve the right to self-determination. We salute their unwavering resilience, courage and perseverance.

On this occasion, Pakistan reaffirms extending its moral, political, and diplomatic support to the people of IIOJK until the realization of their inalienable right to self-determination as enshrined in the relevant United Nations Security Council resolutions.

Pakistan also calls upon the international community, particularly the United Nations, to honour its long-standing commitment with the Kashmiri people and play its mandated role in ensuring a just and peaceful resolution of the Jammu & Kashmir dispute.

***

**حقِ خود ارادیت کا دن (5 جنوری 2026)**

**نائب وزیرِاعظم / وزیرِ خارجہ پاکستان کے**

**پیغام کا اردو مسودہ**

حقِ خود ارادیت کے اس دن کے موقع پر حکومتِ پاکستان اور پاکستانی عوام، بھارتی غیر قانونی مقبوضہ جموں و کشمیر (IIOJK) کے عوام کے ساتھ مکمل اور غیر متزلزل یکجہتی کا اظہار کرتے ہیں۔ ہم ان کی اس منصفانہ جد وجہد کے ساتھ اپنی پختہ وابستگی کا اعادہ کرتے ہیں جس کا مقصد ان کے ناقابلِ تنسیخ حقِ خود ارادیت کا حصول ہے۔

یہ دن 5 جنوری 1949ء کو اقوامِ متحدہ کے کمیشن برائے بھارت و پاکستان (UNCIP) کی اُس تاریخی قرارداد کی منظوری کی یاد دلاتا ہے، جس کے ذریعے جموں و کشمیر کے عوام کے لیے آزادانہ اور غیر جانبدارانہ رائے شماری کی باضابطہ ضمانت دی گئی تھی۔

یہ عہد جموں و کشمیر کے تنازع سے متعلق اقوامِ متحدہ کی سلامتی کونسل کی متعدد قراردادوں کے ذریعے باقاعدہ طور پر تسلیم اور محفوظ کیا گیا ہے، اور حقِ خود ارادیت کی

13/16



حمایت میں اقوامِ متحدہ کی جنرل اسمبلی اپنی قراردادوں کے ذریعے ہر سال اس کی توثیق بھی کرتی ہے۔

بین الاقوامی قانون کے تحت حقِ خودارادیت ایک بنیادی اصول ہے جو اقوامِ متحدہ کے چارٹر میں درج ہے۔ تاہم، سات دہائیوں سے زائد عرصے سے بھارت نے مقبوضہ جموں وکشمیر کے عوام کو اس حق سے محروم رکھا ہوا ہے۔ بھارت کا جموں وکشمیر پر غیر قانونی قبضہ ہمارے عہد کا ایک المناک باب ہے، جہاں کشمیری عوام مسلسل منظم جبر، وسیع پیمانے پر انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں اور اپنے

بنیادی حقوق اور انسانی وقار سے محرومی کا سامنا کر رہے ہیں۔

پانچ اگست، 2019ء کو خاص طور پر بھارت کے غیر قانونی اور یکطرفہ اقدامات، بھارتی غیر قانونی مقبوضہ جموں و کشمیر میں آبادیاتی تبدیلی کے ذریعے اس غیر قانونی قبضے کو مضبوط کرنے کی دانستہ کوشش کی عکاسی کرتے ہیں۔ یہ اقدامات کشمیری عوام کو ان ہی کے وطن میں بے اختیار اور محروم بنانے کے لیے کیے گئے ہیں، جو بین الاقوامی

قانون اور حقِ خودارادیت کے اصولوں کی صریح خلاف ورزی ہے۔

بھارتی غیر قانونی مقبوضہ جموں و کشمیر (IIOJK) میں دہائیوں پر محیط جبر اور بے شمار قربانیوں کے باوجود کشمیری عوام اپنے حقِ خودارادیت کے حصول کی منصفانہ جدوجہد میں ثابت قدم رہے ہیں۔ ہم ان کی غیر متزلزل ثابت قدمی، جرات اور استقامت کو سلام پیش کرتے ہیں۔

اس موقع پر پاکستان، اقوامِ متحدہ کی سلامتی کونسل کی متعلقہ قراردادوں کے مطابق، کشمیری عوام کے ناقابلِ

تنسیخ حقِ خود ارادیت کے حصول تک انہیں اپنی اخلاقی، سیاسی اور سفارتی حمایت جاری رکھنے کے عزم کی تجدید کرتا ہے۔

پاکستان بین الاقوامی برادری، بالخصوص اقوامِ متحدہ، سے بھی مطالبہ کرتا ہے کہ وہ کشمیری عوام کے ساتھ اپنے دیرینہ عہد کی پاسداری کرے اور جموں و کشمیر کے تنازع کے منصفانہ اور پُرامن حل کو یقینی بنانے کے لیے اپنے تفویض کردہ کردار کو ادا کرے۔